فوری ریلیز کے لیے: 2022/1/7 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے مشکلات سے دوچار کاروباروں کو کم قیمت والی کارکنان کی تلافی کی کوریج تک رسائی حاصل کرنے میں مدد کرنے کے لیے قانون سازی پر دستخط کیے

قانون سازی (S.9096/A.10078) نیو یارک کے 3,700 سے زائد بیلنس کی ادائیگی نہ کرنے والے کاروباروں کو NYSIF پر لوٹنے کا موقع فراہم کرتی ہے جس سے ممکنہ بچتوں کی مد میں لاکھوں ڈالر جنریٹ ہوں گے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ انہوں نے ایسی قانون سازی پر دستخط کیے ہیں جو ریاست نیو یارک کے انشورنس فنڈ کے ذریعے کم قیمت والی کارکنان کی تلافی کی کوریج تک رسائی حاصل کرنے کی نیو یارک کے ہزاروں کاروباروں کی قابلیت کو بحال کرے گی، یہ فنڈ نیو یارک کا سب سے بڑا کارکنان کی تلافی کا انشورر ہے اور ریاست کی کم قیمت والی انشورنس مارکیٹ کا خاصہ ہے۔

"COVID-19 کی عالمی وبا کے عروج پر، نیو یارک کے ہزاروں کاروبار جو اپنی بقا کی جنگ لڑ رہے تھے حسب مقدور کارکنان کی تلافی کی کوریج تک رسائی سے محروم ہو گئے وہ بھی اس وقت جب انہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت تھی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "لیکن آج، بل اسپانسرز سینیٹر Ramos اور اسمبلی رکن Fernandez کی بدولت، ہم ایک ایسا قدم اٹھانے کا اعلان کر رہے ہیں جو یقینی بنائے گا کہ کاروبار حسب مقدور کوریج کے ذریعے اپنے کارکنان کا تحفظ کرنا جاری رکھ سکیں نیز کسی بھی بیک پریمیم کا حل بھی پیش کی جائے گا۔ یہ بل انتہائی ضروری رسائی کو بحال کرے گا جس سے پوری ریاست میں کاروباروں کو پریمیم کی مد میں لاکھوں ڈالرز کی بچت ہوگی اور ان کے حتمی منافع میں مدد ملے گی۔"

نیو یارک کا قانون کاروباروں سے کارکنان کی تلافی کی کوریج سیکیور کرنے کا تقاضا کرتا ہے جو زیادہ تر کاروبار NYSIF یا کسی نجی انشورر کے ذریعے حاصل کرتے ہیں۔ لیکن نجی انشوررز کے برعکس، NYSIF کوریج کے لیے درخواست دینے والے کسی بھی آجر کو کم سے کم ممکنہ قیمت نیز خطرے سے قطع نظر انشورنس فراہم کرتا ہے تاکہ محلل فنڈ برقرار رکھا جا سکے۔ NYSIF صرف پریمیم کی ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں پالیسی منسوخ کرتا ہے اور اب تک اسے ایسے کسی بھی کاروبار کو پالیسی کا دوبارہ اجراء کرنا منع تھا جس پر پریمیم واجب الادا ہو۔

نیا قانون NYSIF کو ان کاروباروں کو پالیسی کا اجراء کرنے کے قابل بنائے گا جن پر واجب الادا بیلنس ہو، نیز کمپنی کو واجب الادا پریمیم انسٹالمنٹ پلان کے تحت ادا کرنے کی سہولت فراہم کی جائے گی۔ ایسا کرنے سے، قانون سازی نیو یارک کے 3,000 سے زائد کاروباروں کو کم قیمت والی انشورنس مارکیٹ کے سب سے بڑے حصے تک تجدیدی رسائئ فراہم کرے گی جس سے ممکنہ پریمیم کی بچتوں میں مجموعی طور پر 8 ملین ڈالر جنریٹ ہوں گے یا پھر فی پالیسی ہولڈر اوسطاً 2,000$ جنریٹ ہوں گے۔

Gaurav Vasisht، ایگزیکیٹو ڈائریکٹر اور NYSIF کے CEO کا کہنا تھا کہ، "گورنر Hochul کی قیادت کی بدولت، نیو یارک میں آجرین اب NYSIF کی جانب سے انشورڈ رہ سکتے ہیں اور مشکل وقتوں میں اپنے ملازمین کو محفوظ رکھ سکتے ہیں۔ نیا قانون NYSIF کو ہمارے عوامی مشن سے دوبارہ منسلک ہونے کا موقع بھی فراہم کرتا ہے جس سے ہمیں پریشانی کا شکار آجرین کی مدد کرنے اور منصفانہ مارکیٹ یقینی بنانے کی لچک ملتی ہے۔"

ریاستی سینیٹر Jessica Ramos نے کہا کہ، "عالمی وبا کے دوران چھوٹے کاروباروں کے لیے بل جمع ہو کر بہت زیادہ ہو گئے اور اگرچہ وضع کردہ بجٹ میں انہیں دوبارہ آمدنی حاصل کرنے کی سہولت دینے کے لیے مؤثر اقدامات شامل تھے، انہیں اپنے پیروں پر واپس کھڑا ہونے کے لیے مزید تعاون کی ضرورت ہے۔ مجھے بے حد خوشی ہے کہ گورنر اس S9096 پر دستخط کر رہی ہیں اور یقینی بنا رہی ہے کہ چھوٹے کاروباروں کے اختیار سے باہر حالات کی وجہ سے وہ NYSIF کی کم قیمت والی انشورنس کوریج سے خارج نہیں ہوں گے۔"

اسمبلی رکن Nathalia Fernandez کا کہنا تھا کہ، "کوریج، بحالی اور موقع کے لیے قابل اعتماد تدابیر۔ اس بل کا مقصد ان ہزاروں نیو یارک کے شہریوں کو یہی آفر کرنا ہے جو اپنے کاروبار بند کرنے پر مجبور ہو گئے ہیں اور اپنے پیروں پر واپس کھڑے ہونے کے لیے مشکلات سے دوچار ہیں۔ اس قانون سازی پر دستخط کرنے کا مطلب ہے کہ کاروباری مالکان اب اپنی گزشتہ پالیسی کی ادائیگی لوٹاتے ہوئے نئی انشورنس پالیسی شروع کر سکتے ہیں۔ یہ نہ صرف ہمارے چھوٹے کاروبار کے مالکان کے لیے کامیابی ہے بلکہ نیو یارک کے شہریوں کو کامیابی سے روکنے والی دیواروں اور رکاوٹوں کو گرانے کی لوگوں کی جنگ میں نیز سماجی اور معاشی تحریک کے ضمن میں بھی کامیابی ہے۔ میں گورنر Hochul کی مشکور ہوں کہ انہوں نے اس بل پر دستخط کرنے میں تعاون کیا اور اسے قانون کا درجہ دینے میں مدد کی نیز نیو یارک میں بحالی کی کوششوں کو بہتر طریقے سے سپورٹ کرنے کی تحریک کو بااختیار بنایا اور لوگوں کو مواقع فراہم کرنے کے لیے نئی راہیں ہموار کیں۔"

نئے قانون کے تحت، پالیسی ہولڈرز بقیہ بیلنس اور نئی پالیسی کے پریمیم دونوں کے لیے ادائیگی کا پلان بنانے کی خاطر NYSIF کے ساتھ مل کر کام کر سکتے ہیں۔ تمام کمپنیوں کے لیے NYSIF کے انشورنس کروانے کے عمومی معیارات کو پورا کرنا بھی ضروری ہے۔ مزید معلومات کے لیے www.NYSIF.com ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں دستیاب ہیں www.governor.ny.gov
نیویارک اسٹیٹ | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418